Government of Pakistan
Cabinet Division
Special Technology Zones Authority

PRESS RELEASE

25-Nov-2021

چیئرمین سپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی عامر ہاشمی نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان سے پشاور میں ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبائی وزیر برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اور خوارک عاطف خان بھی موجود تھے۔ یہ ملاقات حال ہی میں منعقد ہونے والے ڈیجیٹل یوتھ سمٹ کی سلسلے میں کی گئی۔ ملاقات میں صوبہ خیبر پختونخوا کے شہروں پشاور، مردان، سوات اور ہری پور میں خصوصی ٹیکنالوجی زونز کے قیام کے سلسلے میں جامع حکمت عملی پر گفتگو کی گئی۔ یہ خصوصی زونز ٹیکنالوجی کی صنعت کیلئے مواقع پیدا کرے گے جس سے نہ صرف نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میسر ہوں گے بلکہ صوبے میں ٹیکنالوجی کو بھی فروغ ملے گا۔ اس منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے حکومت خیبر پختونخوا سپیشل ٹیکنالوجی زونز کے ساتھ مل کر مشترکہ ورکنگ گروپ تشکیل دے گی جس کے تحت باقاعدہ طور پر تعاون کیلئے اجلاسوں کا انعقاد کیا جائے گا۔

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے ان اقدامات کو سراہا اور یقین دہانی کروائی کے حکومت خیبر پختونخوا اس سلسلے میں ہر ممکنہ تعاون کرے گی۔

چیئرمین ایس ٹی زیڈ اے عامر ہاشمی نے بھی ٹیکنالوجی کی ترقی کیلئے حکومت خیبر پختونخوا کے ویژن کو سراہا اور کہا کہ ٹیکنالوجی زونز کے قیام سے صوبے میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا جس سے خوشحالی کی راہ ہموار ہوگی۔

Special Technology Zones Authority Office, 16th Floor, New State Life Tower, F-7/4, Blue Area, Islamabad, Pakistan.
Ph: (+92) 51-111-789-725